PR.No. 35/2026
**FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN**
******
Islamabad, the 3rd September, 2026

**DIRECTORATE OF IN-HOUSE TRAINING & CAPACITY BUILDING FCCP CONDUCTS TRAINING WORKSHOP ON WORKLOAD MANAGEMENT**

Federal Constitutional Court of Pakistan continues its efforts to promote professional development, capacity building, and a culture of continuous learning among its staff.

As part of the ongoing In-House Training and Capacity Building Program, Directorate of In-House Training and Capacity Building organized an interactive workshop on Workload Management to strengthen the capacity of staff in effectively organizing, prioritizing, and managing their professional responsibilities.

The workshop was delivered in three sessions facilitating 92 participants, tailored to address the requirements of different staff groups. The first session was conducted by Ms. Tayyaba Kakar, Senior Research Officer, with 29 members of the Judicial Staff, focusing on practical approaches to managing workload, prioritizing tasks, maintaining efficiency, and dealing with competing demands in a structured work environment.

The proceeding two sessions were facilitated by Ms. Mahnoor Ali, Assistant Director, with 63 members of the supporting staff. Through an interactive and participatory format, the session highlighted practical techniques for planning and organizing work, setting priorities, managing time effectively, and improving overall productivity.

Designed to encourage active participation and experience-sharing, the workshop provided staff with practical strategies that can be applied to their day-to-day responsibilities. The sessions also emphasized the importance of effective workload management in enhancing individual performance, improving coordination, and contributing to a more efficient and productive workplace.










https://www.facebook.com/share/1Ed4vAEkQj/

https://www.instagram.com/fccp_pakistan

https://x.com/FCCP_pakistan

https://bit.ly/4v7P5ps

**Dr. Bibi Ameena**
Director, Media Affairs
& Public Relations

FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN

## ڈائریکٹوریٹ آف اِن ہاؤس ٹریننگ اینڈ کیپیسٹی بلڈ نگ، وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کے زیرِاہتمام ورک لوڈ مینجمنٹ کے موضوع پر تربیتی ورکشاپ کاانعقاد

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان اپنے افسران و ملازمین کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے، صلاحیتوں کے فروغ اور ادارہ جاتی سطح پر مسلسل سیکھنے کے رجحان کو مستحکم کرنے کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

اِن ہاؤس ٹریننگ اینڈ کیپیسٹی بلڈ نگ پروگرام کے تسلسل میں، ڈائریکٹوریٹ آف اِن ہاؤس ٹریننگ اینڈ کیپیسٹی بلڈ نگ کے زیرِاہتمام ''ورک لوڈ مینجمنٹ'' کے موضوع پر ایک تربیتی و تعاملی ورکشاپ منعقد کی گئی، جس کا مقصد عدالتی عملے کو اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی مؤثر تنظیم، ترجیحات کے تعین اور ذمہ داریوں کی بہتر انجام دہی کے حوالے سے عملی رہنمائی فراہم کرنا تھا۔

ورکشاپ تین مختلف سیشنز پر مشتمل تھی، جن میں مجموعی طور پر ۹۲ شرکا نے شرکت کی۔ سیشنز کو مختلف شعبہ جات سے وابستہ عملے کی پیشہ ورانہ ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا۔ پہلے سیشن کی تربیت محترمہ طیبہ کاکڑ، سینئر ریسرچ آفیسر نے کی، جس میں عدالتی عملے کے ۲۹ ارکان نے شرکت کی۔ سیشن میں کام کے مؤثر انتظام، ترجیحات کے تعین، کارکردگی برقرار رکھنے اور بیک وقت مختلف ذمہ داریوں سے منظم انداز میں نمٹنے کے عملی طریقہ کار پر خصوصی توجہ دی گئی۔

بعد ازاں دو سیشنز محترمہ ماہ نور علی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے منعقد کیے، جن میں معاون عملے کے ۶۳ ارکان نے شرکت کی۔ تعاملی اور شراکتی انداز میں منعقدہ اِن سیشنز کے دوران کام کی مؤثر منصوبہ بندی و تنظیم، ترجیحات کے تعین، وقت کے بہتر استعمال اور مجموعی پیشہ ورانہ کارکردگی میں بہتری کے لیے عملی تکنیکوں سے آگاہ کیا گیا۔

ورکشاپ کو فعال شرکت، باہمی تبادلۂ خیال اور عملی تجربات کے اشتراک کو فروغ دینے کے انداز میں ترتیب دیا گیا۔ شرکا کو ایسی قابلِ عمل حکمتِ عملیاں فراہم کی گئیں جن سے وہ اپنے روزمرہ سرکاری و دفتری فرائض کی انجام دہی میں استفادہ کر سکیں۔ سیشنز میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ مؤثر ورک لوڈ مینجمنٹ انفرادی کارکردگی میں اضافے، باہمی رابطہ و ہم آہنگی میں بہتری اور ایک زیادہ منظم، مؤثر اور نتیجہ خیز دفتری ماحول کے قیام میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔